ہم تحریک کے سال آئندہ کا پروگرام عمل میں لانے کے لئے اٹھے ہیں، خدا ان عزائم میں ہمیں ثابت قدمی عطا فرمائے، وہ ہمیں جوشِ عمل سے نوازے، اور وہی خود قدم قدم پر ہماری رہنمائی فرمائے! آمین۔

آخر وہی ہوا جو نہ ہونا چاہیئے تھا!

ہمارے حکمرانوں نے قراردادِ مقاصد کے سارے اصولوں کو پامال کرتے ہوئے اور رائے عام اور پریس کے مطالبے کو کچلتے ہوئے مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی مولانا امین احسن اصلاحی اور میاں طفیل محمد صاحب کی نظربندی میں مزید چھ ماہ کا اضافہ کردیا ہے۔ اس آخری اضافے سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ گئی ہے کہ ہمارے حکمران اپنے جذبۂ اقتدارپسندی کے تحت اِن حضرات کے خلاف ایک انتقامی کارروائی جاری رکھے ہوئے ہیں، جس کے جواز کی کوئی دلیل اُن کے پاس باقی نہیں ہے۔

ملک کی ساری جماعتوں اور دینی انجمنوں اور تمام شہریوں کو اب حکومت کے اس ظالمانہ فیصلے کے خلاف نفرت اور حقارت کو پورا پورا اظہار کرنا چاہیئے

(ناظم شعبہ نشرواشاعت جماعت اسلامی پاکستان)